## 10524 ـ مسجد میں اسلامی کسیٹیں اور کتب فروخت کرنے کا حکم

### سوال

کیا فلاحی کاموں کے لیے مسجد میں کیسٹیں اور اسلامی کتب فروخت کرنا جائز ہیں تا کہ اس کا نفع فلاحی تنظیم مسلمان فقراء اور یتیموں کی کفالت میں استعمال کر سکے ؟

### پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

مساجد کے اندر خرید و فروخت جائز نہیں، چاہے کتابیں ہوں یا کوئی اور چیز، اور اگرچہ اس کا نفع یتیموں وغیرہ پر ہی صرف کرنا ہو، لیکن مساجد میں ایك بکس رکھنے میں کوئی حرج نہیں جس پر اس کتاب کی قیمت لکھ دی جائے، کہ جو بھی کتاب لینا چاہے وہ کتاب لے کر اس کی قیمت بکس میں ڈال کر کتاب کا نسخہ لے لے، اس میں نہ تو بھاؤ اور ایجاب و قبول ہو گا.

اللہ تعالی اعلم .